26846

شراب کی خصوصیات

پر

26846

ادارہ ادبیات اردو

ایک نظر

از

عظیم فلاسفر حکیم سنائی

کتب خانہ
۲۶۸ ۲۰۶

تمہید

ایران کے مشہور فلاسفر، عالم اور شہرت یافتہ حکیم سنائی جن سے ساری دنیا واقف ہے انہوں نے شراب کی چند خصوصیات پر روشنی ڈالی ہے جسے میں نے مناسب سمجھا کہ اس کو کتابی شکل میں شایع کردوں تاکہ لوگ اس سے مستفید ہو سکیں اس کے علاوہ میں نے بھی شراب کی خصوصیات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے جو حسب ذیل ہے۔

ویسے تو شراب میں ہزاروں برائیاں اور اس کے استعمال سے بے حساب نقصانات ہیں جس کی اگر تفصیل بیان کی جائے تو ایک مستقل کتاب کی ضرورت ہوگی۔ میں شراب کے تعلق سے صرف اتنا ہی کہوں گا کہ شراب انسانیت کی دشمن ہے، شراب عزت و عصمت کی دشمن ہے۔ شراب ڈسپلن کی دشمن ہے۔ شراب میل ملاپ کی دشمن ہے۔ شراب انسان کے عزو وقار کو کم کرتی ہے۔ شراب انسان کو تنگ دست بناتی ہے۔ شراب انسان کو موذی سے موذی امراض میں مبتلا کرتی ہے۔ شراب کی مثال میں آپ کو ایسے بتاؤں جیسے ایک کمرے میں ہزاروں برائیاں بند ہوں اور اس کو کھولنے کی کنجی شراب ہو۔ بہرحال شراب اکثر برائیوں کی جڑ ہے جس سے جتنی دوری کی جائے بہتر ہے۔

بلا لحاظ مذہب و ملت بنی نوع انسان سے اور خصوصاً نوجوانان عالم سے میری خواہش ہے کہ وہ اس کتاب کا بغور مطالعہ کریں اور پھر فیصلہ کریں جو برائیاں شراب سے متعلق اس کتاب میں بتائی گئی ہیں وہ کس حد تک درست ہیں اور جب اس کی برائیاں سمجھ میں آجائیں تو براہ مہربانی اس حقیقی دشمن (شراب) سے دوری پیدا کریں اور نہ صرف خود اس موذی دشمن سے نجات پائیں بلکہ بنی نوع انسان کو بھی اس سے چھٹکارا دلائیں وہ ایسے کہ اس کتاب کو پڑھ کر اپنے دوستوں اور اپنے بھائیوں کو بھی دیں۔

بلکہ دوسری زبانوں میں اس کا ترجمہ کر کے ساری دنیا میں پہنچا کر مسرت حاصل کریں یہ بنی نوع انسان کی بہت بڑی خدمت ہوگی۔

یاد رکھئے۔ بہتر کام پیاسوں کو پانی پلانا ہے۔ اس سے بہتر بھوکوں کو کھانا کھلانا ہے۔ اس سے بہتر ننگوں کو کپڑا پہنانا ہے۔ اس سے بہتر دو مخالفوں میں میل ملاپ اور اتحاد پیدا کرانا ہے۔ ان سب سے بہتر کسی کو ہلاکت سے اور برے کاموں سے نجات دلانا ہے اور بلاشبہ شراب نوشی سے انسان ہلاکت کی منزل پر پہونچ جاتا ہے تو اس طرح آپ کسی کو اس موذی دشمن سے چھٹکارا دلائیں گے تو آپ کا یہ اقدام خدا کی مخلوق سے محبت ان کی خدمت اور ان کی مدد کرنے کے مترادف ہوگا۔ جو سب سے بہتر عبادت ہے۔

عبادت بجز خدمت خلق نیست

از

حسین ضابط
صدر منہج البلاغۃ سوسائٹی
و
مرکزی سیرت الزہرا کمیٹی

مدینہ بلڈنگ - حیدرآباد
اے۔ پی۔ ہندوستان

شرابخواری سے جسمانی نقصانات

شارب الخمر مگر از ضررش آگہ نیست ۱
کہ چہ نقصان فراوان بتن و جان دارد ۲
سکتہ و فالج و سرسام و جنون و رعشہ ۳
خفقان و یرقان و قی و غثیون دارد ۴
رمد و درد سپرز و جگر و ضیق نفس ۵
چہ زیان ہا بہ زبان و لب و دندان دارد ۶

نکند ور نہ مستی نخورد عاقل می
ننہد مرد خردمند سوی پستی پی
چہ خوری چیزی کہ خوردن آن چیز ترا
و قد چون سرو نماید بنظر ہمچو نی
گر کنی بخشش گویند کہ می کرد نہ او
ور کنی عربدہ گویند کہ او کرد نہ می

کتب خانہ

حکیم سنائی [illegible] ایران کے ایک بلند پایہ فلسفی اور [illegible] عالم تھے شراب نوشی کے نقصانات و مضرات پر [illegible] اشعار لکھے ہیں جن میں انہوں نے بتایا ہے کہ [illegible] انسان (۱۴) لاعلاج بیماریوں کا شکار ہوتا ہے جس کا اردو ترجمہ حسب ذیل ہے۔

۱۔ کیا شراب پینے والا اس کے نقصانات سے باخبر نہیں ہے؟

۲۔ کہ کتنی کثرت سے جسم و جان میں پیدا کرتی ہے

۳۔ سنو۔ جو بیماریاں شراب نوشی سے پیدا ہوتی ہیں حسب ذیل ہیں)
ہارٹ فیل[1] - فالج[2] - سرسام[3] ھذیان - دیوانگی[4]۔ خبط و جنون پاگل پن۔ لرزہ[5]

۴۔ دھڑکن[6] اختلاج قلب - یرقان[7] - قے[8] کرنا الٹی کرنا۔ غنودگی[9] اونگھنا۔

۵۔ دردِ سر[10] - دردِ طحال[11] تِلّی - دردِ جگر[12] - دمہ[13]

۶۔ اور بہت سے نقصانات ہیں جو زبان[14]۔ ہونٹ اور دانتوں پر بھی اثر کرتے ہیں ۔ ؛

شراب کا ترجمہ

شر کا مطلب فتنہ

اور

آب کا مطلب پانی

یعنی

فتنہ کا پانی

اس کا نام خود اس کی خصوصیات کا ترجمان ہے

اعجاز پرنٹنگ پریس چھتہ بازار حیدرآباد اے۔پی (ان